Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

## بانی چیئرمین تحریک انصاف کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف بیہودہ عدت کیس کی سزا کی معطّلی کے عمل کو التوا کا شکار کرنے کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے درخواست گزار کو عطیہ کئے گئے "سرکاری وکیل" کے شرمناک فرار کی شدید مذمت

رضوان عباسی نامی ضمیر فروش غیرت، حمیّت اور کردار سے محروم ایک جھوٹا اور بے شرم شخص ہے جو ہر جھوٹے مقدمے میں سرکار اور اس کی کٹھ پتلیوں سے اپنے ضمیر کی قیمت بٹورتا ہے،

عدالتوں کو اپنی لگام وکالت کے لبادے میں متحرک ایسے بے شرموں کے ہاتھوں میں دینے کی بجائے آزاد فیصلے کرنے چاہئیں، بانی چیئرمین کی بے گناہ اہلیہ کو انصاف سے محروم کرنے کیلئے ریاستی شر انگیز ایسے مکروہ کرداروں کی سرپرستی کر رہے ہیں،

مقدمہ مکمل طور پر بے بنیاد ہے اس لئے بشریٰ بی بی کو ناحق جیل میں رکھنے کیلئے اس بے شرم شخص کو آگے کیا گیا ہے، پچھلی سماعت کے موقع پر یہ بدمعاش اپنے سرپرستوں کے اشاروں پر عدالتی احاطے میں موجود ہونے کے باوجود پیش نہ ہوا،

آج یہ بے ایمان بیماری کا بہانہ کر کے عدالت سے بھاگا تاکہ عدالت بشریٰ بی بی کو انصاف فراہم کرتے ہوئے رہا نہ کر سکے،

عدالت انصاف کو تاخیر کا شکار کرنے کی بجائے اس بے ایمان کو طلب کرتی یا اسے نظرانداز کرتے ہوئے میرٹ پر فیصلہ کرتی، ایسے شرمناک ہتھکنڈوں سے بانی چیئرمین اور ان کی اہلیہ کے حوصلے نہیں توڑے جا سکتے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ